ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 30اگست 2019ء:۔

آئی جی سندھ کا سینٹرل پولیس آفس میں انسانی حقوق کے مرکزی سیل کے قیام کا اعلان۔مذکورہ سیل ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ کی سربراہی میں کام کریگا اسکے دیگر ممبران میں ایس پی،اے آئی جی اور چار ڈی ایس پیز/انسپکٹرز رینک کے افسران شامل ہیں۔

اس سیل کے چار ونگز ہونگے جن میں خواتین،بچوں،اقلیتوں اور خواجہ سراؤں کے حقوق کی بابت شکایات کا ازالہ کیا جائیگا۔اس سیل پر ذریعہ سندھ پولیس فیس بک،انسٹا گرام،ٹوئٹرز اور واٹس ایپ اکاؤنٹس سامنے آنیوالی شکایات کو نا صرف دیکھا جائیگا بلکہ کاروائی بھی کی جائیگی۔خواتین،بچوں،اقلیتوں اور خواجہ سراؤں کے خلاف ہونیوالے جرائم پر انکے اہل خانہ یا سرپرستوں کے آگے نہ آنے پر مجبوراً ریاست/پولیس اپنی مدعیت میں مقدمات کا اندراج کریگی۔

تمام تھانوں کی سطح پر انسانی حقوق ڈیسکس یا ہر ضلع میں ایسی ایک ڈیسک کے قیام کے بارے میں جامع سفارشات جلد ترتیب دی جائیں۔مذکورہ سیل کی بابت ترتیب کردہ ایس او پی کو تمام اسٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ لیکر جلد سے جلد حتمی شکل دی جائے۔انسانی حقوق کا مرکزی سیل تمام ضلعی سیلز،محتسب کے دفاتر، پاکستان سٹیزنز پورٹل،سول سوسائٹی تنظیموں،شیلٹر ہومز، بحالی مراکز،انویسٹی گیشن یونٹس،کمپلینٹ یونٹس،فارنزک یونٹس،ایم ایل او دفاتر/ہاسپٹلز سے مستقل لنک/روابط میں رہیگا۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس:۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 30 اگست 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے جرائم کیخلاف پولیس سے تعاون کرنیوالے شہریوں کی حوصلہ افزائی اوران سے باقاعدہ ملاقات کرکے انھیں بہادر شہری کی سند اور انعامات دینے کے سلسلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ایس ایس پی کشمور سید اسد رضا کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے اور ایک لاکھ روپے نقد انعام وتعریفی سند کا اعلان کیا ہے۔

رپورٹ کیمطابق بہادر شہریوں کو پولیس کیجانب سے خطاب دینے ،انھیں سراہنے اور حوصلہ افزائی کے حوالے سے جاری مہم کے دوران ایس ایس پی کشمور نے 34 شہریوں کو جرائم کیخلاف متعلقہ پولیس سے تعاون اور اطلاع دینے پر نا صرف بہادر شہری کا خطاب،اسناد اور انعامات دیئے بلکہ ان اطلاعات اور تعاون کی بدولت جرائم پیشہ عناصر کیخلاف 33 مقدمات کا بھی اندراج کیا۔علاوہ ازیں ڈسٹرکٹ سانگھڑ کی مذکورہ مہم کے دوران دوسری جبکہ شہید بینظیر آباد نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔